اعلیٰ حضرت کی جلالت علمی کے تحفظ کا ڈھونگ رچا کران کی تحقیقات کا رد
کرنے والوں کفر کا فتویٰ دینے والوں اور اس کی تصدیق کرنے والوں کا
اعلیٰ حضرت امام اہلسنت کی تحقیقات کی روشنی میں رد بلیغ اور

علمی و تحقیقی محاسبہ

بجواب؛ حدیث رسول اور اعلیٰ حضرت کی جلالت علمی کا تحفظ

تحریر

مفتی ابو الفضل
محمد نعمان شیراز قادری

میمن مسجد مصلح الدین گارڈن، کراچی (74000)
Ph: 021-2431568
Fax: 021-2421291
E.mail: sitemaster@ahlesunnat.net

دار العلوم نعیمیہ کے شیخ الحدیث اور منہ بولے محدث اعظم ،غلام رسول سعیدی کا "اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی جلالت علمی کا تحفظ" ذیل کی چند عبارات میں ملاحظہ فرمائیں

(۱) بعض ثقہ اور مستند علماء نے بھی عطا خراسانی اور شیخ مکی کے اقوال کی اتباع میں یہ ترجمہ کیا:

﴿لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر﴾

تا کہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں اور تمہارے پچھلوں کے (کنز الایمان)

ہمارے نزدیک یہ ترجمہ صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ ترجمہ لغت، اطلاقات قرآن، نظم قرآن اور احادیث صحیحہ کے خلاف ہے اور اس پر عقلی خدشات اور ایرادات بھی ہیں۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۲۴)

(۲) جس ترجمہ میں مغفرت کا تعلق اگلوں اور پچھلوں کے ساتھ کیا گیا ہے وہ لغت، قرآن مجید کی بکثرت آیات میں انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مغفرت کے تعلق، نظم قرآن، احادیث، آثار اور فقہاء اسلام کی تصریحات کے خلاف ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۳) وہ ترجمہ ہر چند کہ لغت، اسلوب قرآن، احادیث صحیحہ، آثار صحابہ، مستند علماء کے اقوال اور خود ان اکابر کی تصریحات کے خلاف ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۴) اگر چہ اس ترجمہ کی بنیاد کمزور اور غلط ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۵) ان تمام احادیث کے خلاف (شرح صحیح مسلم ۷/۳۳۵)

(۶) یہ مان لینا چاہیے کہ یہ بات خلاف تحقیق ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۷) خلاف تحقیق کہا جا سکتا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۸) علمی تسامح پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

(۹) یہ تمام جوابات باطل اور بے اصل ہیں۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۲۲)

(۱۰) اس ترجمہ کی اصل عطا خراسانی اور شیخ مکی کے اقوال میں موجود ہے۔ (شرح صحیح مسلم ۷/۳۴۶)

تلک عشرۃ کاملۃ بلا تبصرۃ

فاعتبروا یا اولی الابصار

☆☆☆☆☆☆☆